## سوال

(24) مردیا عورت کے جنازے پر پھولوں کی چادر ڈالنا جائز ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردیا عورت کے جنازے پر پھولوں کی چادر ڈالنا جائز ہے۔ کیا ایسے جنازے کی نماز میں داخل ہوکر جماعت کے ساتھ نماز ادا کرسکتے ہیں یا نہیں۔؟ (عبدالکریم مدارس)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازہ میت کا حق ہے۔ زندوں کی کسی غلطی سے اس حق کو تلف کرنا جائز نہیں   وَلَاتَزِرُ وَازِرَةٌ وِزرَاُخریٰ پس جنازہ پڑھنا چاہیے۔ (10 شوال 36 ہجری)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 43**

محدث فتویٰ